Medicaid NEW YORK STATE

کے بارے میں آپ کو کیا

COVID-19 جاننا چاہیے، ٹیکے (ویکسین)، جانچیں، علاج، اور آپ

COVID-19 ویکسینز

کیا NYS Medicaid میں COVID-19 ویکسین شامل ہیں؟
ہاں، ممبران COVID-19 ویکسین یا بوسٹر مفت لگوا سکتے ہیں۔

کون سے ٹیکے (ویکسین) شامل ہیں؟
تمام ویکسینیں اور بوسٹر شامل ہیں۔ وہ FDA سے لازما منظور شدہ یا اجازت یافتہ ہونے چاہئیں۔

میں ویکسین کہاں لگوا سکتا ہوں؟
ممبران فراہم کاروں کے دفاتر، فارمیسوں اور نگہداشت صحت کے مراکز پر لگوا سکتے ہیں۔

اگر مجھے COVID-19 ویکسینوں کے بارے میں سوالات پوچھنے ہوں تو کیا ہوگا؟
آپ کا نگہداشت صحت کا فراہم کار دوا فروش ویکسین یا بوسٹر سے متعلق سوالوں کے جواب دے سکتا ہے۔

COVID-19 جانچیں

کس طرح کی جانچیں شامل ہیں؟
Medicaid COVID-19 کی جانچوں کا بیمہ فراہم کرتا ہے جس میں گھر پر کی جانے والی بعض جانچیں بھی شامل ہیں۔ انٹیجن اور پولیمریز چین ری ایکشن (Polymerase Chain Reaction, PCR) جانچیں دونوں بیمہ شدہ ہیں۔ اس بارے میں کہ کس برانڈ کی جانچیں بیمہ شدہ ہیں اپنے دوا فروش یا نگہداشت صحت کے فراہم کار سے دریافت کریں۔

میں جانچ کہاں پر کرا سکتا ہوں؟
آپ کئی فراہم کاروں کے دفاتر، مطبوں اور فارمیسوں میں کوئی جانچ کرا سکتے ہیں۔ آپ گھر پر بھی جانچ کر سکتے ہیں۔ ممبران گھر پر جانچ کسی ایسی فارمیسی سے کر اسکتے ہیں جو Medicaid رکھتی ہو۔ اپنے دوا فروش سے دریافت کریں۔ آپ COVIDtests.gov پر اپنے کاؤنٹی ہیلتھ ڈپارٹمنٹ کے ذریعے گھر پر مفت جانچیں کر وا سکتے ہیں۔ اپنے کاؤنٹی ہلیتھ ڈپارٹمنٹ سے متعلق تفصیل https://health.ny.gov/contact/contact_information/ پر دیکھیں۔

مجھے جانچ کب کرانی چاہیے؟
اگر آپ میں COVID-19 کی علامت ہے تو CDC کا کہنا ہے کہ فورا جانچ کرائیں۔ اگر آپ COVID-19 سے متاثر ہیں تو بھی آپ کو جانچ کرانی چاہیے۔

اگر میری جانچ مثبت ہو تو کیا ہوگا؟
اگر آپ کی جانچ مثبت ہو تو اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کار کو بتائیں۔ وہ آپ کو ضروری نگہداشت حاصل کرنے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ COVID-19 ہونے کے بعد بھی اگر آپ کو بیماری کا احساس ہو تو بھی وہ آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

COVID-19 کا علاج

کیا NYS Medicaid COVID-19 کا بیمہ کرتا ہے؟
ممبرانFDA سے منظور شدہ اور اجازت یافتہ دوا کے ذریعہ COVID-19 کا مفت علاج کرا سکتے ہیں۔

COVID-19 کے کون سے علاج بیمہ شدہ ہیں؟
Medicaid وائرل مخالف اور یک کلونی ضد جسمیے وہ FDA سے لازما منظور شدہ یا اجازت یافتہ ہونے چاہئیں۔ علاج آپ کے جسم کو وائرس سے لڑنے میں مدد دیتا ہے۔ جونہی آپ کی جانچ مثبت نکلے اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کار کو ضرور بتائیں۔ اگر آپ کو ان میں سے کوئی علاج درکار ہو تو وہ آپ کی مدد کر سکتا ہے۔

میں علاج کہاں کراسکتا ہوں؟
آپ کا نگہداشت صحت کا فراہم کار بتا سکتا ہے کہ آپ کو کہاں جانا ہے۔ اگر آپ کا کوئی ایسا فراہم کار نہیں ہے جو آپ کی مدد کر سکے تو فوری نگہداشت کے مرکز یا اسپتال میں جائیں۔ Test-to-Treat sites مراکز ایک ہی ملاقات میں جانچ اور علاج کی سہولت فراہم کرتے ہیں۔

COVID-19 کے ویکسین، جانچیں اور علاج Medicaid ممبران کے لیے مفت ہیں

- NYS Medicaid بہت سے COVID-19 جانچوں، ویکسینوں، بوسٹروں اور علاج کا احاطہ کرتا ہے۔
- انہیں FDA سے منظورہ شدہ یا اجازت یافتہ ہونا چاہیے۔
- COVID-19 خدمات ممبران کے لیے مفت ہیں۔ فراہم کاران اور فارمیسیز آپ سے کوئی رقم نہیں طلب کر سکتے۔
- علاج میں یک کلونی ضد جسمیے (مونو کلونی انٹی بوڈیز) اور وائرل مخالف مادوں جیسی دوائیں شامل ہو سکتی ہیں۔
- اگر COVID-19 کے ویکسینوں، جانچوں یا علاج کے بارے میں آپ کو کوئی سوال پوچھنا ہو تو اپنے نگہداشت صحت کے فراہم کار یا دوا فروش سے رابطہ کریں۔

مزید معلومات کے لیے

- Fee For Service (FFS) کوریج سے متعلق سوالات کے لیے Office of Health Insurance Programs (OHIP) Division of Program Development and Management (DPDM) سے رابطہ کریں۔ 2160-473 (518) پر فون کریں یا FFSMedicaidPolicy@health.ny.gov پر ای میل کریں۔
- FFS فارمیسی کوریج سے متعلق سوالات کے لیے Medicaid Pharmacy Policy Unit سے رابطہ کریں۔ 3209 486 (518) پر فون کریں یا PPNO@health.ny.gov پر ای میل کریں۔
- مینیجڈ کیئر کوریج سے متعلق سوالات کے لیے، اپنے مینیجڈ کیئر ہیلتھ پلان سے رابطہ کریں۔